نام کتاب: تقویٰ‘ اہمیت‘ برکات‘ اسباب

مصنف: ڈاکٹر فضل الٰہی

صفحات: 152 قیمت: 120 روپے صرف

ناشر و ملنے کا پتہ: مکتبہ قدوسیہ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔ (۲) فضلی سنز اُردو بازار کراچی

محترم ڈاکٹر فضل الٰہی صاحب ہماری جماعت کے نہایت قابل قدر عالمِ دین ہیں۔ انہوں نے اصلاح معاشرہ کے لیے دینی موضوعات پر عربی اور اُردو میں چھوٹی بڑی پچاس کے لگ بھگ کتب تصنیف کی ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کی کتابیں طبقہ علماء اور عوام میں خاصی مقبول ہوئی ہیں۔ وہ خالص قرآن وسنت کی روشنی میں اپنے ماضی الضمیر کا اظہار نہایت خوبصورتی سے کرتے ہیں اور موضوع سے متعلقہ قرآن واحادیث سے دلائل کا انبار لگا دیتے ہیں۔ پیش نظر کتاب ''تقویٰ‘ اہمیت‘ برکات‘ اسباب'' ان کی اہم فکر انگیز کتاب ہے۔ اس میں ڈاکٹر صاحب نے تقویٰ سے متعلق چار باب قائم کر کے تقویٰ کے فوائد و برکات‘ ثمرات اور اہمیت پر سیر حاصل بحث کی ہے اور ان عنوانات کی اہمیت اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر صاحب نے قرآن‘ احادیث اور علمائے اُمت کے ارشادات سے دلائل دیئے ہیں۔ کتاب میں کئی چھوٹے بڑے عنوانات ہیں جن کے تحت اس موضوع پر دادِ تحقیق دی گئی ہے۔ کتاب پڑھ کر تقویٰ سے متعلق بہت سے مسائل سے آگاہی ہوتی ہے اور تقویٰ کا خوبصورت پہلو نکھر کر سامنے آتا ہے۔ ایسی شاندار‘ معیاری‘ اصلاحی اور ایمان افروز کتب کا مطالعہ ہر بھائی کو کرنا چاہیے۔ اس سے جہاں روحانی تسکین ہوگی وہاں قلب و ذہن ایمانی حلاوت سے بھی لبریز ہوگا۔ ان شاء اللہ۔

☆......☆......☆......☆......☆......☆

پینٹرز کاتب
سائن بورڈ
کلاتھ بینر
سکرین پرنٹر
حافظ پبلسٹی
اور اشتہارات کی کتابت کیلئے تشریف لائیں
حافظ شبیر احمد سجاد
0321-4205164
رانا عبدالستار
0321-4187286
ریلوے روڈ شیخوپورہ